## رابطہ کمیٹی کے رکن محمد انور کے بھانجے ذیشان احمد حیات مرحوم کا سوئم

## الطاف حسین نے ٹیلی فون پر خوش الحانی سے فاتحہ خوانی کرائی اور مرحوم کو خراج عقیدت پیش کیا

## ذیشان احمد مرحوم کی تحریکی خدمات ہمیشہ یاد رکھی جائیں گے، الطاف حسین

## قرآن خوانی کے اجتماع میں رابطہ کمیٹی کے ارکان، حق پرست صوبائی وزراء اور ایم کیو ایم کے کارکنان کی بڑی تعداد میں شرکت

لندن۔۔۔23، دسمبر 2008ء متحدہ قومی موومنٹ فیڈرل بی ایریا سیکٹر کے سرگرم کارکن، رابطہ کمیٹی کے رکن محمد انور کے بھانجے اور گلبرگ ٹاؤن کے سابق حق پرست ٹاؤن ناظم معوذ احمد حیات کے صاحبزادے ذیشان احمد حیات مرحوم کا سوئم آج ان کی رہائش گاہ واقع کلفٹن میں ہوا جس میں مرحوم کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی و فاتحہ خوانی کی گئی اور مرحوم کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا۔ ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین نے خوش الحانی سے فاتحہ خوانی کرائی۔ قرآن خوانی و فاتحہ خوانی کے اجتماع میں ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے اراکین شعیب بخاری، انیس قائم خانی، شکیل عمر، ڈاکٹر نصرت، نیک محمد، حق پرست صوبائی وزراعادل صدیقی، ڈاکٹر محمد علی شاہ، شیخ محمد افضل، ڈاکٹر صغیر احمد، ایم کیو ایم ڈیفنس کلفٹن سیکٹر کمیٹی کے اراکین، مقامی ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور مرحوم عزیز واقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اس موقع پر مرحوم کی روح کے ایصال ثواب کیلئے 77 قرآن مجید، سورۃ ملک، سورۃ یاسین، درود شریف اور دیگر آیات کریمہ کا ورد کیا گیا۔ بعدازاں ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین نے لندن سے ٹیلی فون کرکے اجتماع کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے ذیشان احمد حیات مرحوم کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ ذیشان احمد مرحوم ایم کیو ایم کے سرگرم اور جانثار کارکن تھے اور انکی تحریکی خدمات ہمیشہ یاد رکھی جائیں گے۔ اس موقع پر جناب الطاف حسین نے مرحوم کے ایصال ثواب کیلئے خوش الحانی سے فاتحہ خوانی اور اجتماعی دعا کرائی جس میں ذیشان احمد مرحوم کی مغفرت، بلند درجات، مرحوم کے سوگوار لواحقین کیلئے صبر جمیل اور ایم کیو ایم کے تمام شہداء کے بلند درجات کیلئے خصوصی دعائیں بھی کی گئیں۔

## رابطہ کمیٹی کے رکن شکیل عمر نے النور سائٹی بلاک 19 کا دورہ کرکے آتش گیر مادے سے ہونے والے جانی و مالی نقصانات جائزہ لیا

کراچی۔۔۔23، دسمبر 2008ء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن شکیل عمر نے النور سوسائٹی بلاک 19 کا دورہ کیا اور آتش گیر مادے سے ہونے والے جانی و مالی نقصانات کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر حق پرست رکن صوبائی اسمبلی امام الدین شہزاد اور گلبرگ ٹاؤن کے حق پرست ٹاؤن ناظم کمال احمد بھی موجود تھے۔ ایم کیو ایم کے رہنما واقعہ کی اطلاع ملتے ہی جائے وقوع پر پہنچے اور علاقہ کے مکینوں سے آتش گیر مادے سے ہونے والی تباہی کی تفصیلات معلوم کیں۔ انہوں نے آتش گیر مادے سے ہونے والے جانی و مالی نقصان پر گہرے دکھ اور افسوس اور متاثرہ افراد سے دلی ہمدردی کا اظہار بھی کیا۔

## ایم کیو ایم لیاقت آباد اور گلستان جوہر کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔23، دسمبر 2008ء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 166 کے کارکن محمد توفیق کی والدہ محترمہ اکبری بیگم اور ایم کیو ایم گلستان جوہر سیکٹر کے کارکن ندیم احمد صدیقی کے والد سعید احمد صدیقی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ (آمین)

## ایم کیو ایم امریکہ کے زیراہتمام یوم شہداء منایا گیا، قائد تحریک الطاف حسین کے بھائی ناصر حسین شہید، بھتیجے عارف حسین شہید اور سانحہ علی گڑھ کے شہداء کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی گئی

## ایم کیو ایم نے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خلاف آواز بلند کی اسی لئے اسکے خلاف ظالمانہ آپریشن کیا گیا

## سانحہ علی گڑھ بھی ملکی تاریخ کا سیاہ ترین باب ہے۔ اعجاز صدیقی اور اراکین سینٹرل آرگنائزنگ کمیٹی

واشنگٹن۔۔۔23 دسمبر 2008ء ایم کیو ایم امریکہ کے زیراہتمام یوم شہداء منایا گیا۔ اس موقع پر قائد تحریک جناب الطاف حسین کے بھائی ناصر حسین شہید، بھتیجے عارف حسین

شہید، سانحہ علی گڑھ 14 دسمبر 1986ء کے شہداء کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی گئی اور شہداء کو خراج عقیدت پیش کیا گیا۔ اس موقع پر اپنے ایک بیان میں ایم کیوایم امریکہ کے سینٹرل آرگنائزر اعجاز صدیقی اور سینٹرل آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ ایم کیوایم نے پاکستان کے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خلاف آواز بلند کی اسی لئے اسکے خلاف ظالمانہ آپریشن کیا گیا اور ہزاروں کارکنوں اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کے بھائی ناصر حسین اور بھتیجے عارف حسین کو شہید کردیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ 14 دسمبر 1986ء کا سانحہ علی گڑھ بھی ملکی تاریخ کا سیاہ ترین باب ہے جب اس روز علی گڑھ کالونی، قصبہ کالونی اور بیوہ کالونی میں درندہ صفت دہشت گردوں نے ان بستیوں پر حملہ کرکے چھ گھنٹوں تک معصوم و بے گناہ شہریوں کا قتل عام کیا اور اس وقت کی پولیس، انتظامیہ اور قانون نافذ کرنے والا کوئی ادارہ انہیں بچانے نہیں آیا اور آج تک اس سانحہ علی گڑھ کے قاتل گرفتار نہ ہوسکے۔ انہوں نے کہا کہ سانحہ علی گڑھ میں معصوم شہریوں کا قتل عام کرنے والے درندہ صفت عناصر آج بھی کراچی میں ایسے سانحات برپا کرنے کی کوششیں کررہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شہداء کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی اور ظلم و جبر کا نظام ضرور ختم ہوگا۔

## محبان پاکستان متحدہ عرب امارات کے زیراہتمام ایک اجتماع دبئی میں منعقد ہوا

## اجتماع میں دبئی کے ساتھ ساتھ شارجہ، العین، ابوظہبی اور راس الخیمہ سے تعلق رکھنے والے کارکنوں اور ہمدردوں کی شرکت

## محبان پاکستان متحدہ عرب امارات میں مقیم پاکستانیوں میں تیزی سے مقبولیت حاصل کررہی ہے

## محبان پاکستان کا یہ عزم ہے کہ وہ پاکستان میں حق اور انصاف کے نظام کے قیام کیلئے اپنی جدوجہد جاری رکھے گی۔ ہدیٰ خان

دبئی۔۔۔23 دسمبر 2008ء محبان پاکستان متحدہ عرب امارات کے زیراہتمام ایک اجتماع دبئی میں منعقد ہوا جس میں دبئی کے ساتھ ساتھ شارجہ، العین، ابوظہبی اور راس الخیمہ سے تعلق رکھنے والے کارکنوں اور ہمدردوں نے شرکت کی۔ اجتماع میں تمام عرب ریاستوں کے ذمہ داران نے محبان پاکستان کی تنظیمی کارکردگی کی رپورٹ پیش کی۔ اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے محبان پاکستان متحدہ عرب امارات کے آرگنائزر ہدیٰ خان نے کہا کہ محبان پاکستان متحدہ عرب امارات میں مقیم پاکستانیوں میں تیزی سے مقبولیت حاصل کررہی ہے اور حق پرست پاکستانی اس تنظیم کے پلیٹ فارم پر متحد ہورہے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان کو درپیش موجودہ حالات میں بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کی ذمہ داریاں مزید بڑھ گئی ہیں اور انہیں چاہیے کہ وہ ملک کی بقاء وسلامتی کیلئے اپنی اپنی بساط کے مطابق کردار ادا کریں۔ انہوں نے کہا کہ محبان پاکستان کا یہ عزم ہے کہ وہ پاکستان میں حق اور انصاف کے نظام کے قیام کیلئے اپنی جدوجہد جاری رکھے گی۔ انہوں نے متحدہ عرب امارات کے تمام کارکنوں کو ان کی ثابت قدمی پر خراج تحسین پیش کیا۔

☆☆☆☆☆